# وہ احادیث جو حضرت معصومہ(س) سے منقول ہیں

<"xml encoding="UTF-8?>

حدثتنی فاطمة و زینب و ام کلثوم بنات موسی بن جعفر قلن : ... عن فاطمة بنت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه و آله وسلم و رضی عنها : قالت : "انسیتم قول رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه و آله و سلم یوم غدیر خم ، من کنت مولاه فعلی مولاه و قوله صلی اللّٰہ علیه و آله وسلم ، انت منی بمنزلة هارون من موسی"
اس حدیث کو حضرت فاطمہ معصومہ(س) امام صادق(ع) کی بیٹی سے نقل کرتی ہیں ۔ اس حدیث کی سند کا سلسلہ حضرت زہرا(س) پر اختتام پزیر ہوتا ہے ۔
حضرت فاطمہ زہرا(س) نے فرمایا : کیا تم نے فراموش کردیا رسول خدا(ص) کے اس قول کو جسے آپ نے غدیر کے دن ارشاد فرمایا تھا کہ جس کا میں مولا ہوں اس کے یہ علی(ع) مولا ہیں ۔
اور کیا تم نے رسول خدا(ص) کے اس قول کو فراموش کردیا کہ آپ(ص) نے علی(ع) کے لئے فرمایا تھا کہ آپ(ع) میرے لئے ایسے ہیں جیسے موسی(ع) کے لئے ہارون(ع) تھے۔(عوالم العلوم، ج/۲۱ ، ص/353)

عن فاطمة بنت موسی بن جعفر علیه السلام :
... عن فاطمة بنت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه و آله و سلم : قالت :
قال رسول اللّٰہ صلی الله علیه و آله وسلم :
«ألا من مات علی حب آل محمد مات شهیداً »
حضرت فاطمہ معصومہ(س) اسی طرح ایک اور حدیث حضرت امام صادق(س) کی بیٹی سے نقل کرتی ہیں اور اس حدیث کا سلسلہ سند بھی حضرت زہرا(س) پر اختتام پزیر ہوتا ہے ۔
حضرت زہرا(س) نے فرمایا کہ رسول خدا(ص) فرماتے ہیں: آگاہ ہوجاؤ کہ جو اہل بیت (ع) کی محبت پر اس دنیا سے اٹھتا ہے وہ شہید اٹھتا ہے ۔
مرحوم علامہ مجلسی شیخ صدوق سے حضرت معصومہ(س) کی زیارت کی فضیلت کے بارے میں روایت نقل فرماتے ہیں :
قال سألت ابا الحسن الرضا علیه السلام عن فاطمة بنت موسی ابن جعفر علیه السلام قال : " من زارها فلة الجنة
راوی کہتا ہے کہ میں نے حضرت فاطمہ معصومہ(س) کے بارے میں امام رضا (ع) سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ جو شخص ان کی قبر اطہر کی زیارت کرے گا اس پر جنت واجب ہوجائے گی